RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگانِ اعلیٰحضرت حضور پُر نور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۷ رمضان المبارک سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۱۱ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء	جلد ۲۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	مزید رخصت صوبہ دار گورکھا	۱
۲	بابت غیر منتقلی مکان عب اللہ جمعدار نا ادائے رقم سرکاری ...	۲
۳	انتظام عہدہ رجسٹراری ٹانڈہ مع دیگر متعلقات	۲
۴	نقشہ بارش ـ نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

آرمی آرڈر پیشگاہ بندگانِ حضور پُر نور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۲۳ اگست سنہ ۱۹۱۱ء

مزید رخصت یکہفتہ جنگبشن صاحب صوبہ دار گورکھا کمپنی ۲۳ اگست سنہ ۱۹۱۱ء لغایت ۳۰ اگست تک حسب وصول تار مرسلہ صوبہ دار موصوف از راہ پرورش منظور فرمائی گئی۔

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۲۴ اگست سنہ ۱۹۱۱ء

ثبتہ ناصیہ عرضداشت اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر مشمولہ عرضی حبیب اللہ جمعدار بدین خلاصہ کہ فدوی نے سابق مین ایک درخواست گذرانی تھی کہ فدوی کے لڑکی کی شادی ہے مبلغ چھ سو روپیہ سرکار سے بلاسودی عطا فرمائے جائین اور تنخواہ سے وضعات کرلیا جائے - اسپر بجائے چھ سو کے چار سو روپیہ ملنے کا حکم صادر ہوا ساتھ کفالت نامہ مکان کے دیوانصاحب صدر کہتے ہین کہ مکان مکفول کرادو اور چار سو روپیہ لیلو - فدوی کی درخواست کا منشا یہ تھا کہ ساتھ کفالت مکان کے مبلغان مرحمت ہون بلکہ یہ تھا کہ بغیر رہن مرحمت ہون - اور تنخواہ سے وضعات کرلیا جائے درصورت ممات یا موقوفی فدوی کے اگر وضعات تنخواہ سے رقم سرکاری باقی رہے تو مکان سے وصول ہوسکتی ہے نہ کہ کفالت نامہ کے موافق مکان بموجب جانچ سرکاری کے کافی نہین ہوسکتا لہذا بلا کفالت نامہ کے حکم عطائے روپیہ کا صادر فرمایا جائے

حکم ہوا کہ

حسب الصدر کو روپیہ دئیے جانیکا حکم پیشتر ہوچکا ہے۔ تکمیل مکان کی بابت ضابطہ ضرورت نہین ہے رجسٹرار صدر کو اطلاع دیجائے تا بیباقی قرضہ سرکار وہ اپنا مکان کہین رہن اور بیع وغیرہ نکرسکے - اور گزٹ مین بھی اعلان کردیا جائے - تعمیلا دیوانصدر کو اطلاع دیجائے - اور احکام جاری ہون

حکم اجلاس صاحب ریوینو سکرٹری بہادر
واقع ۱۹ اگست سنہ ۱۹۱۱ء

رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست ملاحظہ ہوئی - احکام ذیل جاری کئے جاتے ہین سید نجم الدین رجسٹرار قانونگوئے تحصیل ٹانڈہ معزول برخاست کیا جائے بجائے اُسکے ریاض الحسن سابق انسپکٹر قانونگویان حال قائم مقام رجسٹرار قانونگوئے ٹانڈہ رجسٹرار قانونگوئی ٹانڈہ پر اپنے مشاہرہ موجودہ بیس روپیہ ماہوار کے ساتھ مستقل کیا جائے - اور منور حسین خان امین بندوبست جو مد امانت کی تنخواہ بارہ روپیہ ماہوار اور پانچ روپیہ ماہانہ الاونس اب تک پاتا تھا انسپکٹر قانونگویان مقرر کیا جائے اور تنخواہ اُسکو مبلغ بیس روپیہ ماہانہ دیجائے - لیکن عہدہ امانت بندوبست کا جسمین سرحدی تنازعات کا کام کرنا ہوتا تھا تخفیف کیا جائے - اور یہ کام امانت کا بھی منور حسین خان انسپکٹر انجام دیا کرے جب کبھی سرحدی تنازعات کا کام منور حسین خان انسپکٹر انجام دے تو موافق ضابطہ کے بیس روپیہ کی تنخواہ داران کو جسطرح پر کہ بھتہ ملتا ہے اُسیطرح نامبردہ کو بھی بھتہ حسب قاعدہ ملا کرے -

حکم ہوا کہ

کاغذات ہذا برائے اجرائے احکام صدر کو مرسل ہون - علاوہ اجرائے احکام ضابطہ کے ایک نقل اس حکم کی آڈٹ کو بھی بھیجی جائے - اور ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۳ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء لغایت ۱۰ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		بلاسپور		سوار		شاہ آباد		ملک		ٹانڈہ	
	امروزہ	از ابتدا	امروزہ	از ابتدا	امروزہ	از ابتدا	امروزہ	از ابتدا	امروزہ	از ابتدا	امروزہ	از ابتدا
۳ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء یکشنبہ	۰	۱۵۴	۱۰	۱۸۲	۳	۱۴۴	۰	۱۰۵	۰	۱۳۲	۰	۹۲
۴ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء دوشنبہ	۱۹	۱۷۳	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۱۴۴	۵	۱۱۰	۰	۱۳۲	۲	۹۴
۵ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء سہ شنبہ	۰	۱۷۳	۰	//	۰	۱۴۴	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۱۳۲	۰	۹۴
۶ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء چہارشنبہ	۰	۱۷۳	۰	//	۷	۱۴۱	۰	//	۰	نقشہ نہیں آیا	۳	۹۷
۷ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء پنجشنبہ	۰	۱۷۳	۰	//	۱۲	۱۵۴	۰	//	۰	//	۲	۹۹
۸ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء جمعہ	۱۷	۱۹۰	۰	//	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	//	۰	//	۰	نقشہ نہیں آیا
۹ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء شنبہ	۱	۱۹۱	۰	//	۰	//	۰	//	۰	//	۰	//

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۳ لغایت ۱۰ ستمبر سنہ ۱۹۱۱ء

نام جنس	تحصیل حضور	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۰	۰	۱۱ ار	۱۲ ار	۱۱ ار	دیگر تحصیلات سے نقشہ نرخنامہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۰	۰	۰	۱۴ ار	۱۳ ار	۱۴ ار	
نخود کسیہ آمیز	۰	۰	۰	۱۷ ار	۱۵ ار	۱۵ ار	
کسیہ	۰	۰	۰	۰	۱۵ ار	۱۶ ار	
ماش	۰	۰	۰	۷ ار	۸ ار	۷ ار	
مونگ	۰	۰	۰	۰	۹ ار	۷ ار	
مکا	۰	۰	۰	۲۱ ار	۲۰ ار	۲۰ ار	
جئی	۰	۰	۰	۲۰ ار	۲۰ ار	۲۰ ار	
عدس	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
ارہر	۰	۰	۰	۱۵ ار	۰	۱۴ ار	
برنج	۰	۰	۰	۶ ار	۶ ار	۶ ار	
روغن زرد	۰	۰	۰	۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	
روغن سیاہ	۰	۰	۰	۲ ار	۲ ار	۲ ار	
روغن کنجد	۰	۰	۰	۰	۱۰ ار	۰	
نمک سانبھر	۰	۰	۰	۱۳ ار	۱۴ ار	۱۶ ار	
نمک لاہوری	۰	۰	۰	۰	۱۲ ار	۱۶ ار	
گوجئی	۰	۰	۰	۰	۱۵ ار	۱۵ ار	
قند سیاہ	۰	۰	۰	۵ ار	۵ ار	۵ ار	
باجرہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور